Taxi & Limousine Commission

May 3, 2018

5-Industry Notice #18

برائے فوری اجراء

LAGUARDIA AIRPORT کی FHV کی ٹرمینل B کی اسٹیجنگ لاٹ اور سواری اٹھانے کی جگہیں دوسرے مقام پر منتقل ہو رہی ہیں

مِیرا جوشی (Meera Joshi)
کمشنر/چیئر

ایلن جے فرامبرگ (Allan J. Fromberg)
معاملات عامہ
frombera@tlc.nyc.gov

ربیکا ہارشبارجر (Rebecca Harshbarger)
معاملات عامہ
harshbargerR@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

مورخہ 5 مئی 2018 بروز ہفتہ سے NY/NJ کی پورٹ اتھارٹی (Port Authority) LaGuardia Airport کی ٹرمینل B کی کار سروسز اسٹیجنگ اور سواریاں اٹھانے کی جگہیں ٹرمینل B گیراج، لیول 2 پر منتقل کر رہی ہے۔ ٹرمینل B پر کسی بھی وقت سڑک کے کنارے سے ٹرمینل B کی **سواریاں اٹھانے** کی اجازت نہیں ہو گی – جبکہ کار سروسز اسٹیجنگ اور سواریاں اٹھانے کا عمل ٹرمینل B گیراج، لیول 2 میں 24/7 جاری رہے گا۔

ٹرمینل B پر ٹرمینل B کی **سواریاں اتارنے** کا عمل اس تبدیلی سے متاثر نہیں ہو گا۔ FHV ڈرائیورز ٹرمینل B پر سواریاں اتارنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

ٹرمینل A، C اور D کی اسٹیجنگ لاٹس اور سواریاں اٹھانے کا عمل اس تبدیلی سے متاثر نہیں ہوں گے۔